سوال

(179) سقوطِ حمل اور روزہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر رمضان المبارک میں کیس عورت کا تین چار ماہ کا حمل ساقط ہو جائے تو کیا اس عورت کو روزہ رکھنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ عورت کو جب تک نفاس کا خون جاری رہے وہ (حائضہ کی طرح) روزہ نہ رکھے، جو روزے رہ جائیں وہ بعد میں رکھ لے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

رمضان المبارک اور روزہ، صفحہ: 444

محدث فتویٰ